مدیر کے نام

خلیل الرحمٰن ' لالہ موسیٰ

"حکومت عدلیہ کشمکش" (دسمبر ۹۷) میں پروفیسر خورشید احمد نے موجودہ سیاسی بحران کا نہایت شاندار محاکمہ کیا ہے۔ ہمارے مسائل کی اصل وجہ ہمارے حکمرانوں کی آمرانہ ذہنیت ہے' نام کے جمہوری ہیں۔ جماعتی انتخابات سے فرار' نظریات کے بجائے شخصیات پر انحصار' قومی مفادات کے بجائے ذاتی مفادات کی ترجیح' پھر کہاں کی جمہوریت! ہمارے حکمران یورپ اور امریکہ سے جمہوری اقدار ہی سیکھ لیتے تو ہمارے ملک میں اسلام کا مسئلہ کچھ حل ہو جاتا--- ترجمان حسب معمول خوبیوں سے مزین تھا۔ نظریں محترم خرم مرادؒ کے "میں ایک درخت ہوں" جیسے مضامین تلاش کرتی ہیں۔

راشد منہاس انصاری ' کراچی

قاضی حسین احمد صاحب نے "اقبال کا پیغام' امت مسلمہ کے نام" (نومبر ۹۷) میں "اسرار و رموز" کا حوالہ دیا ہے۔ علامہ اقبالؒ نے "اسرار خودی" اور "رموز بے خودی" دو الگ مثنویاں تخلیق کی تھیں اور اپنی نگرانی میں یکجا مذکورہ نام سے شائع کیں۔ "عرض حال" "رموز بے خودی" کا حصہ ہے۔ "اسرار خودی" کے تو کئی ترجمے شائع ہوئے ہیں لیکن "رموز بے خودی" کا کوئی منظوم ترجمہ نہیں۔ سمندر خاں نے پشتو میں اور ڈاکٹر محمد عثمان نے اردو میں نثر میں ترجمہ کیا ہے لیکن منظوم نہ ہونے کی وجہ سے چاشنی سے محروم ہے۔ "انجمن ترقی اردو" کراچی کے کتب خانہ خاص میں سید خورشید علی مہر تقوی کا منظوم ترجمہ محفوظ ہے۔ یہ فنی اعتبار سے اسرار کے ترجموں سے بہتر ہے' ترجمے کی روانی اور اسلوب بیان معیاری ہیں۔ اس لحاظ سے بھی منفرد ہے کہ اسی بحر اور اسی وزن میں ہے جس میں اقبالؒ نے فارسی میں شعر کہے ہیں۔ کوئی صاحب دل اشاعت کا بیڑا اٹھائے تو بڑی خدمت ہو گی۔

نذیر عالم ' سراجیوو' بوسنیا

۶ اکتوبر ۹۷ سے یہاں ہوں۔ "اقبال کا پیغام' امت مسلمہ کے نام" (نومبر ۹۷) بہت پسند آیا۔ زار کے خلاف مزاحمت پر موشے گیمر کی کتاب دلچسپ محسوس ہوئی۔ مجھے امام شاملؒ پر اردو میں کوئی کتاب ارسال کریں۔ افریقہ میں این جی اوز کی داستان دل ہلا دینے والی ہے۔ افغانستان' بوسنیا' سب جگہ ایک ہی کہانی ہے۔ بوسنیا پر میں ایک

رپورٹ جلد ہی بھیج دوں گا۔ "اخبار امت" کے ساتھ اگر "اخبار وطن" بھی شروع ہو جائے تو مفید ہو گا۔

عبدالجبار خالد ، ہارون آباد

"اقبالؒ کا پیغام" (نومبر۹۷) پڑھ کر دل جذبات سے متلاطم ہو گیا۔ صاحب مضمون نے اقبالؒ کی عظمت کو اس حوالے سے خوب اجاگر کیا کہ اس نے مایوسی کے اندھیروں میں امت مسلمہ میں زندہ رہنے کی آرزو پیدا کر دی۔ یہ ایک حقیقت ہے کہ جو کام اقبالؒ نے نظم میں کیا، سید مودودیؒ نے نثر میں کیا۔

لیفٹیننٹ جنرل (ر) ڈاکٹر صفدر بٹ ، لاہور

پروفیسر خورشید احمد کے اشارات اور حکمت مودودیؒ (دسمبر۹۷) اعلیٰ درجے کی فکر انگیز تحریریں ہیں۔ میں نے یہ شمارہ تین افراد کو پڑھنے کے لیے دیا۔ مجھے حالات سے آگاہ رکھنے کی ذمہ داری ادا کرنے کا بہت شکریہ۔ میں ممنون ہوں۔

ڈاکٹر حفیظ انور ، نیو ملتان

نوعمری سے آپ کے رسالے کا قاری ہوں۔ اس کے مختلف ادوار کا شاہد ہوں۔ **ترجمان القرآن** اب پھر رہنمائی کے مقام پر فائز ہے۔ امید ہے کہ درجہ کمال کے حصول کی جدوجہد جاری رہے گی۔ ترجمان کے ذریعے اختلاف رائے کو برداشت کرنے کی تربیت دینے کی کوشش نہایت پسندیدہ ہے۔ "فہم قرآن" کے سلسلے میں جدید اکتشافات کی روشنی میں تحریریں مسلسل آنا چاہییں۔

راجہ مبشر اکرم ، قرطبہ ، اسپین

ترجمان القرآن فروری ۹۶ سے ہر ماہ کے شروع میں باقاعدہ اپنے وقت پر پہنچ رہا ہے۔ وقت کی پابندی تو لگتا ہے کہ ترجمان کی سب سے اہم خصوصیت ہے۔ ترجمان میں شامل سب تحریریں بہت ہی اچھی ہوتی ہیں بالخصوص "اشارات"، "فہم حدیث" اور "رسائل و مسائل"۔

یعقوب سروش ، نظام آباد، آندھرا پردیش

ترجمان القرآن علم و ادب کا کوہ نور ہے، دیکھنے کو آنکھیں ترستی ہیں۔ اردو ڈائجسٹ دو سال قبل تک آتا تھا، اس میں ترجمان کا اشتہار دیکھ کر دل تڑپ جاتا تھا کہ کاش یہ مجھے ملا کرتا۔ اپنا رسالہ "**بساط ذکر و فکر**" ارسال ہے، **ترجمان القرآن** کا انتظار ہے۔